# سُورَةُ التَّكْوِيرِ

## لپیٹ لینا

القرآن ۸۱:۰۱-۲۹

QuranicQuotes.com

إِذَا ٱلشَّمْسُ كُوِّرَتْ

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا۔

القرآن ۸۱:۰۱

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلنُّجُومُ ٱنكَدَرَتْ

اور جب ستارے ماند پڑجائیں گے۔

القرآن ۸۱:۰۲

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْجِبَالُ سُيِّرَتْ

اور جب پہاڑ چلادیے جائیں گے۔

القرآن ۸۱:۰۳

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْعِشَارُ عُطِّلَتْ

اور جب حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی۔

القرآن ۸۱:۰۴

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْوُحُوشُ حُشِرَتْ

اور جب وحشی جانور جمع کردیے جائیں گے۔

القرآن ۸۱:۰۵

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْبِحَارُ سُجِّرَتْ

اور جب سمندر دہکا دیے جائیں گے۔

القرآن ۸۱:۰٦

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلنُّفُوسُ زُوِّجَتْ

اور جب جانوں کے جوڑ ملائے جائیں گے۔

القرآن ۸۱:۰۷

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْمَوْءُۥدَةُ سُئِلَتْ

اور جب زندہ دفن کی گئی لڑکی سے
پوچھا جائے گا۔

القرآن ۸۱:۰۸

QuranicQuotes.com

# بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ

کہ وہ کس گناہ کی پاداش میں قتل کی گئی تھی ؟

القرآن ٨١:٠٩

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلصُّحُفُ نُشِرَتْ

اور جب اعمال نامے کھول دیے جائیں گے۔

القرآن ۸۱:۱۰

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلسَّمَآءُ كُشِطَتْ

اور جب آسمان کی کھال اتار لی جائے گی۔

القرآن ٨١:١١

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْجَحِيمُ سُعِّرَتْ

اور جب جہنم دہکائی جائے گی۔

القرآن ۸۱:۱۲

QuranicQuotes.com

# وَإِذَا ٱلْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ

,اور جب جنت قریب لے آئی جائے گی۔

القرآن ۸۱:۱۳

QuranicQuotes.com

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ أَحْضَرَتْ

(اُس دن) ہر جان جان لے گی کہ اس نے کیا کچھ حاضر کیا ہے۔

القرآن ۸۱:۱۴

QuranicQuotes.com

فَلَآ أُقْسِمُ بِٱلْخُنَّسِ

تو نہیں ! میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے

القرآن ٨١:١٥

QuranicQuotes.com

ٱلْجَوَارِ ٱلْكُنَّسِ

اور چھپ جانے والے ستاروں کی۔

القرآن ۸۱:۱٦

QuranicQuotes.com

وَٱلَّيۡلِ إِذَا عَسۡعَسَ

قسم ہے رات کی جب وہ روانہ ہونے لگے۔

القرآن ۸۱:۱۷

QuranicQuotes.com

وَٱلصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ

اور صبح کی جب وہ سانس لے۔

القرآن ۸۱:۱۸

QuranicQuotes.com

إِنَّهُۥ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ

یقینا یہ ایک بہت باعزت پیغامبر کا قول ہے۔

القرآن ۸۱:۱۹

QuranicQuotes.com

ذِى قُوَّةٍ عِندَ ذِى ٱلْعَرْشِ مَكِينٍۢ

جو (جبرائیل) بہت قوت والا ہے صاحبِ عرش
کے نزدیک بلند مرتبہ ہے۔

القرآن ۸۱:۲۰

QuranicQuotes.com

مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ

وہاں جس کی اطاعت کی جاتی ہے اور وہ
امانت دار بھی ہے۔

القرآن ۸۱:۲۱

QuranicQuotes.com

# وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ

اور تمہارے یہ ساتھی کوئی مجنون نہیں ہیں۔

القرآن ٨١:٢٢

QuranicQuotes.com

وَلَقَدْ رَءَاهُ بِٱلْأُفُقِ ٱلْمُبِينِ

اور انہوں نے دیکھا ہے اس کو کھلے افق پر۔

القرآن ٨١:٢٣

QuranicQuotes.com

وَمَا هُوَ عَلَى ٱلْغَيْبِ بِضَنِينٍ

اور وہ غیب کی بات بتانے میں بخیل نہیں ہیں۔

القرآن ۸۱:۲۴

QuranicQuotes.com

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَـٰنٍ رَّجِيمٍ

اور یہ کسی شیطانِ مردود کا قول نہیں ہے۔

القرآن ۸۱:۲۵

QuranicQuotes.com

# فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ

تو تم کدھر چلے جا رہے ہو؟

القرآن ٨١:٢٦

QuranicQuotes.com

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَـٰلَمِينَ

یہ تو تمام جہان والوں کے لیے ایک یاد دہانی ہے ۔

القرآن ۸۱:۲۷

QuranicQuotes.com

لِمَن شَآءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ

ہر اس شخص کے لیے جو تم میں سے
سیدھے راستے پر چلنا چاہے۔

القرآن ٨١:٢٨

QuranicQuotes.com

وَمَا تَشَآءُونَ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ رَبُّ ٱلْعَٰلَمِينَ

اور تمہارے چاہے بھی کچھ نہیں ہوسکتا جب تک
کہ اللہ نہ چاہے جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔

القرآن ۸۱:۲۹

QuranicQuotes.com